فوری ریلیز کے لیے: 19/4/2023 *گورنر KATHY HOCHUL*

***گورنر HOCHUL نے ریاست نیویارک کے تولیدی صحت کے مراکز پروگرام کو یقینی بنانے کے ذریعے $1.68 ملین سے زیادہ کی گرانٹس کا اعلان کیا ہے***

***اس فنڈنگ سے نگہداشتِ صحت کے 20 نیٹ ورکس اور غیر منافع بخش تنظیموں کے لیے ممکن ہو گا کہ ریاست بھر میں 51 مقامات پر مریضوں اور عملے کے لیے سیکیورٹی بہتر بنائی جائے***

***ہر سہولت گاہ کی جانب سے $50,000 تک کی امداد وصول کی جائے گی تاکہ خدمات تک محفوظ رسائی کو یقینی بنانے میں مدد ملے***

***ریاست نیویارک نے ڈوبس بمقابلہ جیکسن ویمن ہیلتھ آرگنائزیشن میں امریکی سپریم کورٹ کے 2022 کے فیصلے کے بعد یہ گرانٹ پروگرام قائم کیا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیویارک کے تولیدی صحت کے مراکز پروگرام کو یقینی بنانے کے ذریعے $1.68 ملین سے زیادہ کی گرانٹس کا اعلان کیا ہے، جن کی مدد سے نگہداشتِ صحت کے 20 نیٹ ورکس اور غیر منفعتی تنظیموں کے لیے ممکن ہو گا کہ وہ ریاست بھر میں جہاں کام کریں وہاں 51 مقامات پر مریضوں اور عملے کے لیے سیکیورٹی کو بہتر بنا سکیں۔ ہر سہولت گاہ $50,000 تک کی امداد وصول کرے گی تاکہ تولیدی صحت اور اسقاطِ حمل کی خدمات تک محفوظ رسائی کو یقینی بنانے میں مدد ملے۔ ریاست نیویارک نے *ڈوبس بمقابلہ* جیکسن *ویمن ہیلتھ آرگنائزیشن* میں امریکی سپریم کورٹ کے 2022 کے فیصلے کے بعد یہ گرانٹ پروگرام قائم کیا ہے۔

"خواتین یہ حق رکھتی ہیں کہ نگہداشتِ صحت کی قابل بھروسہ رہنمائی کے ساتھ اپنے جسم کے بارے میں اپنی مرضی کے مطابق فیصلے کر سکیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان گرانٹس سے اسقاط حمل تک رسائی کے تحفظ میں مدد ملے گی اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ جو ضرورت مند ہوں ان کے لیے فراہم کنندگان کی جانب سے اہم خدمات کی فراہمی جاری رکھی جا سکے۔ چونکہ عدالتوں اور دیگر ریاستوں میں موجود انتہا پسند ہمارے حقوق پر اپنے حملے مسلسل جاری رکھتے ہیں، تو نیویارک کی جانب سے فراہم کنندگان اور ان تمام مریضوں کی مدد کے لیے جدوجہد ہمیشہ جاری رہے گی جنہیں نگہداشت درکار ہے۔"

"ہم نیویارک میں تولیدی آزادیوں پر پیچھے ہٹنے سے انکار کرتے ہیں،" **لیفٹیننٹ گورنر Delgado نے کہا۔** "ان گرانٹس کے ساتھ، ہم اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ نگہداشتِ صحت کے نیٹ ورکس اور غیر منافع بخش تنظیمیں اسقاط حمل کی محفوظ اور قابل رسائی خدمات کی فراہمی جاری رکھ سکیں۔ یہ ریاست ہر اس شخص کے لیے ایک محفوظ پناہ گاہ بنی رہے گی جو تولیدی صحت کی نگہداشت کے اختیارات کا وہ مکمل سلسلہ تلاش کر رہا ہے جس کی اسے ضرورت ہو اور جس کا وہ حق رکھتا ہو۔"

تولیدی صحت کے مراکز پروگرام کو یقینی بنانا، گورنر Hochul کے جامع منصوبے کا ایک حصہ ہے تاکہ *ڈوبس* فیصلے کے بعد تولیدی صحت اور اسقاطِ حمل تک رسائی کو محفوظ رکھا جائے، تحفظ دیا جائے اور مضبوط بنایا جائے، جس کے نتیجے میں Roe v. Wade کی جانب سے پیدا ہونے تحفظات ختم ہو گئے تھے اور جو 50 سالوں سے موجود تھے۔ سرکاری، غیر منفعتی اور نجی فراہم کنندگان، ریاستی ڈویژن برائے مجرمانہ انصاف کی خدمات (Division of Criminal Justice Services, DCJS) کے زیر انتظام سیکیورٹی اہلکاروں اور عملے کو تربیت

دینے کے لیے فنڈ حاصل کرنے کے، اور ایسے پروجیکٹس کے لیے اہل تھے جن میں یہ، شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں، پیری میٹر لائٹنگ؛ الارم، الارم پبلک ایڈریس؛ اور لاک ڈاؤن سسٹم؛ کیمرے، دروازے کو سخت کرنا، تالے لگانا اور رسائی کے کنٹرول میں دیگر بہتریاں لانا؛ اور ٹوٹنے میں مزاحم کھڑکیاں اور شیشے۔ 51 سہولت گاہوں میں 20 گرانٹ یافتگان کو سیکیورٹی بڑھانے اور بہتریاں لانے کے لیے کُل $1,686,786.66 ملیں گے۔

**ڈویژن برائے خدماتِ فوجداری انصاف کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا،** "ڈویژن برائے خدماتِ فوجداری انصاف ایک محفوظ اور منصفانہ نیویارک کے قیام کے لیے پُرعزم ہے۔ گورنر Hochul کی حمایت کے ساتھ، ہمیں فخر ہے کہ ہم تولیدی صحت کے مراکز کو محفوظ بنا رہے ہیں اور معالجین، عملے اور نگہداشت طلب کرنے والے لوگوں کی حفاظت کر رہے ہیں۔ ہم ان ضروری فراہم کنندگان کے شکر گزار ہیں جو اکثر ایک قومی لڑائی کی صفِ اول میں موجود ہوتے ہیں جو ہم بہت پہلے جیت چکے ہوتے۔ عوامی تحفظ اور خواتین کے حقوق پر آپ کی غیر متزلزل قیادت کے لیے گورنر Hochul، آپ کا شکریہ۔"

ریاست نیویارک کی ایک جامع ویب سائٹ بھی ہے جو اسقاط حمل کے حقوق، فراہم کنندگان، معاونتوں، اور ادائیگی کے طریقوں کے بارے میں معلومات، اور ریاست کے محکمۂ صحت (Department of Health، DOH) کے زیر انتظام ملک کے معروف $25 ملین ڈالر کے اسقاطِ حمل فراہم کنندہ معاونتی فنڈ کے لیے ایک واحد منزل فراہم کرتی ہے، تاکہ گنجائش میں اضافہ کیا جائے اور نیویارک میں اسقاط حمل کی نگہداشت کے خواہشمند مریضوں تک رسائی کو یقینی بنایا جائے۔

**محکمۂ صحت کے قائم مقام کمشنر ڈاکٹر James McDonald نے کہا،** "ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں کہ وفاقی عدالتوں میں جو کچھ ہوا ہے اس کے باوجود، ریاست نیویارک میں اسقاط حمل محفوظ، قانونی اور قابل رسائی رہے۔ گورنر کی طرف سے اس سرمایہ کاری کی مدد سے فراہم کنندگان کو محفوظ رکھا جائے گا اور تحفظ دیا جائے گا کیونکہ وہ ایسے افراد کی نگہداشتِ صحت کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کام کرتے ہیں جو اپنی تولیدی صحت اور اپنے مستقبل کے بارے میں اپنے فیصلے خود کرنا چاہتے ہوں۔"

**ریاستی سینیٹر Liz Krueger نے کہا،** "امریکیوں کے اپنی تولیدی صحت کی نگہداشت کے بارے میں انتہائی ذاتی فیصلے کرنے کے حقوق پر اس انداز میں حملہ کیا جا رہا ہے جیسا کہ پہلے کبھی نہیں ہوا، اور اس کا مطلب ہے کہ ہم میں سے جو افراد امریکیوں کی آزادی اور جسمانی خود مختاری کے لیے کھڑے ہیں، انہیں چاہیئے کہ ان حقوق کو محفوظ رکھنے کے لیے متعدد محازوں پر اقدامات کریں۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے اسقاط حمل کے مخالف انتہا پسندوں کے بڑھتے ہوئے تشدد سے بچانے میں مدد کرنے کے لیے نیویارک میں فراہم کنندگان، مریضوں اور خاندانوں کو یہ فنڈنگ فراہم کی ہے۔"

ڈویژن برائے مجرمانہ انصاف کی خدمات ریاست کے فوجداری انصاف کے نظام کے ان تمام پہلوؤں کو اہم مدد فراہم کرتا ہے، جن میں یہ سب شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہیں: قانون نافذ کرنے والے اور دیگر فوجداری انصاف کے پیشہ ور افراد کی تربیت؛ قانون نافذ کرنے والے ایکریڈیٹشن پروگرام کی نگرانی کرنا؛ مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذریعے استعمال ہونے والے بریتھلائزر اور رفتاری نفاذ کرنے والے آلات کو درست طریقے سے چلانے کو یقینی بنانا؛ فوجداری انصاف گرانٹ فنڈنگ کا انتظام؛ ریاست بھر میں جرائم اور پروگرام کے ڈیٹا کا تجزیہ کرنا؛ تحقیقی معاونت فراہم کرنا؛ کاؤنٹی پروبیشن محکموں اور قید کے پروگراموں کے متبادل کی نگرانی کرنا؛ اور نوجوانوں کی انصاف کی پالیسی کو مربوط کرنا۔ DCJS کو Facebook اور Twitter پر فالو کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں